نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا ماڈل بازار وحدت روڈ میں محکمہ زراعت کے تحت قائم فیئر پرائس شاپ کا دورہ

فیئر پرائس شاپس پر اشیاء کی کوالٹی برقرار رکھنے کیلئے مانیٹرنگ کا فول پروف نظام متعارف کرایا گیا۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور: 07 اپریل 2024 (   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ماڈل بازار وحدت روڈ لاہور میں محکمہ زراعت کے تحت فیئر پرائس شاپ کا دورہ کیا اور اشیاء کے معیار، قیمتوں سمیت سپلائی اینڈ ڈیمانڈ کا جائزہ لیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے خریداری کیلئے آئے ہوئے شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبھر میں 51 فیئر پرائس شاپس رمضان المبارک کے موقع پر قائم کی گئی ہیں۔ان فیئر پرائس شاپس پر ہول سیل مارکیٹ کی نسبت قیمتیں 25 فیصد کم ہیں۔ان فیئر پرائس شاپس پر 13 اشیاء بشمول سبزیاں، پھل، دال چنا اور بیسن وافر مقدار میں موجود ہیں۔انھوں نے کہا کہ پورے رمضان المبارک کے دوران خریداروں کے رش کے باعث کاؤنٹرز کی تعداد میں بھی اضافہ کیا گیا۔ان فیئر پرائس شاپس پر اشیاء کی کوالٹی کو برقرار رکھنے کیلئے مانیٹرنگ کا فول پروف انتظام کیا گیا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ماڈل بازار وحدت روڈ پر قائم فیئر پرائس شاپ کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور وہاں ڈیوٹی پر معمور افسران و عملہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے فیئر پرائس شاپ کو شام 6 بجے تک کھلی رکھنے کی ہدایت کی۔بعد ازاں، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت ماڈل بازار وحدت روڈ میں پودا بھی لگایا۔

☆☆☆☆